# 223736 ـ ایک شخص نے روزے کی حالت میں کسی کو کہہ دیا: "میرا روزہ نہیں ہے"تو اس کے روزے کا کیا حکم ہے؟

**سوال**

میں نے رمضان میں ایک دن کسی کو جان بوجھ کر کہہ دیا کہ میرا روزہ نہیں ہے، تو میرے روزے کا کیا حکم ہے؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

آپ کا یہ کہنا کہ: "میرا روزہ نہیں ہے" اگر اس کا مقصد یہ تھا کہ آپ نے اپنے روزے کی نیت توڑ لی ہے اور اب آپکا روزہ نہیں ہے، تو اس سے آپکا روزہ ٹوٹ چکا ہے، چاہے آپ نے کچھ کھایا ہو یا نہ۔

پہلے سوال نمبر: (95766) کے جواب میں گزر چکا ہے کہ: جو شخص روزہ توڑنے کی پکی نیت کر لے ، اور اسے اپنی نیت میں کسی قسم کا تردد نہ ہو ، تو اس کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے، اور اسے اس دن کی قضا دینا ہوگی۔

اور اگر آپ نے "میرا روزہ نہیں ہے" صرف غلط بیانی کے طور پر کہا، اور آپ نے روزہ توڑنے کی نیت نہیں کی ، تو یہ جھوٹ شمار ہو گا ، اوراس سے آپ کا روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

کیونکہ روزہ اسی شخص کا ٹوٹتا ہے جو کھا ، پی کر ، یا جماع وغیرہ کر کے روزہ توڑے، یا روزہ توڑنے کی پکی نیت کر لے، چنانچہ محض غلط بیانی سے روزہ نہیں ٹوٹے گا، آپ جھوٹ بولنے پر اللہ تعالی سے توبہ کریں، کیونکہ جھوٹ بولنا اخلاق مذمومہ میں سےہے، اور اس سے روزے کا اجر کم ہو جاتا ہے۔

مزید کیلئے آپ سوال نمبر: (37989) کا مطالعہ کریں۔

واللہ اعلم.